© rasailojaraid.com

جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب و روز

حضرت مہتمم صاحب کا دورہ مصر:

منظمہ الصحۃ العالمی کی طرف سے عالم اسلام کے مختلف چیدہ چیدہ علمائے کرام اور محققین حضرات کا ایک اہم نمائندہ اجلاس قاہرہ میں ۶۔۷ مارچ ۲۰۱۳ کو منعقد ہوا۔ جس میں حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے خصوصی دعوت کی بناء پر شرکت کی۔ وفاق المدارس العربیہ کی طرف سے مولانا قاری محمد حنیف جالندھری صاحب نے بھی شرکت فرمائی۔ قاہرہ میں دوران قیام آپ نے وہاں کی مختلف مقدس زیارات اور تاریخی مقامات کا دورہ بھی کیا اور خصوصاً شیخ الازہر دکتور احمد الطیب اور جامعۃ الازہر کے مشائخ و علماء سے بھی ان کے دفتر میں تفصیلی ملاقات کی۔ اس کے علاوہ قاہرہ میں پاکستانی سفیر جناب منظور الحق نے حضرت مولانا مدظلہ کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام بھی کیا اور حضرت مہتمم صاحب مدظلہ کی ہر ممکن خاطر مدارت اور مثالی مہمان نوازی کی۔ ظہرانوں میں سابق وزیر صحت سعودی عرب امیر عبدالرزاق الجزائری' موجودہ عالمی ادارہ برائے صحت کے ریجنل ڈائریکٹر ڈاکٹر علاء الوان کے علاوہ مجمع الفقہ اسلامی جدہ کے نمائندہ وفود کے ساتھ امام حرم مکی اور جامعۃ الامام ریاض وغیرہ اہم عمائدین شامل تھے۔

الحق کے سابق کاتب جناب ڈاکٹر اصغر حسن کی وفات:

ماہنامہ ''الحق'' کے ابتدائی سالوں کے کاتب' رفیق سفر' مشاور' ڈیزائنر اور انتہائی مخلص انسان جناب ڈاکٹر اصغر حسن صاحب گزشتہ دنوں ۱۱فروری ۲۰۱۳ء بمطابق ۲۹ ربیع الثانی ۱۴۳۴ھ بروز پیر کو انتقال فرما گئے۔ مرحوم انتہائی باصلاحیت اور محنتی انسان تھے۔ الحق کی کتابت برسہا برس بڑے خلوص اور لگن سے کرتے رہے۔ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ اور راقم کے ساتھ بڑے خلوص و محبت اور بھائیوں جیسا رشتہ تھا۔ آپ مضمون نگار بھی تھے' الحق سمیت کئی مجلات میں آپ کے مضامین بھی شائع ہوتے رہتے تھے۔ ادارہ الحق کی موجودہ ترقی و کامیابی میں آپ جیسے مخلص ساتھیوں کا بڑا عمل دخل رہا ہے۔ یقیناً اصغر حسن صاحب کا خون جگر بھی اس تزین گلستاں کی جلوہ افروزیوں میں شامل ہے۔ قارئین الحق سے ان کے رفع درجات کے لئے خصوصی دعاؤں کی اپیل ہے۔ ادارہ ان کے خاندان پسماندگان اور بیٹیوں سے دلی تعزیت کرتا ہے۔

© rasailojaraid.com